**31/05/2025**

**12.30 PM(5 min)**

**Signature Tune**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ  بصارت غل سے خبریں سُنئے**

**ماک ڈرل**

**ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر منیجمنٹ اتھارٹی کے اہتمام سے آج شام پانچ بجے سرینگر میں " آپریشن شیلڈ " کے تحت ایک سول ڈیفنس ماک ڈرل کا اہتمام کیا جا رہا ہے ۔ اتھارٹی کے چیر مین کی جانب سے جاری ایک سرکیولر میں کہا گیا ہے کہ ماک ڈرل کا مقصد عام لوگوں کو ہنگامی حالات سے نمٹنے کے مختلف پہلووں سے آگاہ کرانا ہے ۔ سرکیولر میں کہا گیا ہے کہ شام آٹھ بجے بلیک آوٹ بھی کیا جائے گا ۔ اتھارٹی نے عام لوگوں سے تعاون کی اپیل کی ہے ۔**

**جتیندر سنگھ**

**سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ وکست کرشی سنکلپ ابھیان کا مقصد کسانوں کو با اختیار بنانا ہے تاکہ فصلوں کی پیداوار میں اضافے کے ساتھ ساتھ ان کی آمدن میں بھی اضافہ یقینی بنایا جا سکے ۔ وہ R.S پورہ میں کرشی سنکلپ ابھیان کے سلسلے میں منعقدہ ایک تقریب پر اظہار خیال کر رہے تھے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ انہوں نے زراعت کے مرکزی وزیر شو راج سنگھ چوہان کے ہمراہ R.S پورہ میں لگائے گئے مختلف سٹالوں کا معائینہ کیا ۔ انہوں نے اس بات پر خوشی ظاہر کی کہ زرعی شعبے کے اختراع کار اور سٹارٹ اپ ہولڈرس وکست بھارت کا نشانہ حاصل کرنے میں اہم رول ادا کر رہے ہیں ۔**

**لوک ماتا**

**وزیراعظم نریندر مودی آج مدھیہ پردیش کا دورہ کریں گے۔ وہ لوک ماتا دیوی اہلّیا بائی ہولکر کے 300 ویں یوم پیدائش کے موقع پر، بھوپال میں لوک ماتا دیوی اہلیا بائی مہیلا سشکتی کرن مہا سمّیلن میں شرکت کریں گے اور کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے کے علاوہ دیگر کئی**

کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔دریں اثناءلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے لوک ماتا اہلیا بائی ہولکر کو ان کے تین سو ویں جنم دن پر خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہاہے کہ لوک ماتا دلیری ، وسیع قربانی اور خواتین کی طاقت کی ایک بلند مثال ہے ۔

تعلیم سکریٹری

اسکولی تعلیم کے سکریٹری رام نواس شرما نے سرینگر کے مختلف تعلیمی اداروں کا دورہ کر کے وہاں پر طلباءاور اساتذہ کے ساتھ بات چیت کی ۔ اس موقعہ پر انہوں نے متعلقہ اداروں میں دستیاب سہولیات کے بارے میں طلباءاور اساتذہ سے رائے طلب کی۔ سکریٹری موصوف نے طلباءپر زور دیا کہ وہ نہ صرف تعلیمی معیار پر توجہ دیں بلکہ غیرنصابی سرگرمیوں میں بھی شامل رہیں۔ انہوں نے تعلیم کے ذریعہ جموں و کشمیر کے بھرپور ثقافتی ورثے کو محفوظ رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے یقین دلایا کہ اسکولوں میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی کو اعلیٰ ترجیح دی جائے گی۔

فوڈ سیفٹی

محکمہ فوڈ سیفٹی کی ایک ٹیم نے شہر سرینگر کے مختلف علاقوں میں اشیائے خوردنی کی دکانوں کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر سرینگر کی ہدایات پر محکمے نے اشیائے خور و نوش کا کاروبار کرنے والے تمام اداروں کو ہدایت دی کہ وہ اشیاءکے معیار کے ضوابط پر سختی سے عمل کریں ۔ کمشنر موصوف نے تمام سیکٹروں میں خوراک کی حفاظت اور حفظان صحت کے اعلیٰ ترین معیار کو برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔

ڈپٹی کمشنر گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے عید الضحیٰ اور میلہ کھیر بھوانی کی تقریبات کے سلسلے میں کئے جانے والے انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنرنے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ان تہواروں کے دوران لوگوں کے لئے تمام بنیادی سہولیات دستیاب رکھنے کویقینی بنائیں ۔ انہوں نے حفظان صحت کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے پر زور دیا ۔

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ

بارہمولہ میں Small Ruminant Veterinary Chijhama ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیرپا نے اسپتال میں state-of-the-art diagnostic and surgical سہولیات کا افتتاح کیا۔اس اقدام کا مقصد بارہمولہ اور شمالی کشمیر میں مویشیوں کی صحت کی خدمات کومزید مستحکم کرنا ہے۔اس موقع پر ڈی سی موصوف نے اسپتال میں کسان خدمت گھر کا بھی افتتاح بھی کیا ۔

ڈپٹی کمشنر کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے ضلع میں خود روزگار اسکیموں کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ ضلع میں مشن یووا کے تحت کاروباری افراد کے رابطے میں رہیں تاکہ یہ تاجر روزگار کے مواقعوں سے مستفید ہوسکےں۔دریں اثناءڈپٹی کمشنرنے ضلع میں ریونیو آفس کے قیام کی پیشرفت کا بھی جائزہ لیا۔

حج

جموں وکشمیر کے عازمین حج کی سفر محمود پر روانگی کا سلسلہ آج مکمل ہو رہا ہے۔آج بھی دو پروازوں کے ذریعے عازمین سعودی عرب روانہ ہو رہے ہیں۔ دوسری پرواز سے روانہ ہونے والے عازمین کو دوپہر ڈیڑھ بجے سے دو بجے حج ہاوس بمنہ پہنچنے کیلئے کہا گیا ہے۔

دن

آج تمباکو مخالف عالمی دن منایا جا رہا ہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد تمباکو کے استعمال کے مضر اثرات کے بارے میں جانکاری عام کرنا ہے تاکہ تمبا کو نوشی کی عادت کی حوصلہ شکنی کی جائے۔ اس سلسلے میں آج بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ